بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیّدی ، یا رسول اللہ

منقبت:

در شانِ پیرِ پیراں، محی الدین و ایماں

حضور سرکار غوث الاعظم سیّدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

ہے تو محبوبِ سبحانی، اے میرے غوثِ جیلانی — ہے تیرا حسن لاثانی، اے میرے غوثِ جیلانی

تُہی تو پیرِ پیراں ہے، تُہی تو میرِ میراں ہے — ہے خلقت تیری دیوانی، اے میرے غوثِ جیلانی

تو احساں کبریا کا ہے، تو آئینہ صفا کا ہے — تِری ہر رمز عرفانی، اے میرے غوثِ جیلانی

ترے صدقے ہی پائی ہے، مِرے حصے جو آئی ہے — محمد ﷺ کی ثنا خوانی، اے میرے غوثِ جیلانی

ستارے تیری آنکھیں ہیں، دمکتا چاند ہے چہرا — ہے سورج تیری پیشانی، اے میرے غوثِ جیلانی

ہے نوری سلسلہ تیرا، مقام و مرتبہ تیرا — ورائے عقلِ انسانی، اے میرے غوثِ جیلانی

تِرے در ہی سے نورِ فیض پائیں اولیاء جگ کے — ہے تو قندیلِ نورانی، اے میرے غوثِ جیلانی

تِرے رستے کی مٹّی اصفیاء کی آنکھ کا سرمہ — بھلا کیا اس میں حیرانی، اے میرے غوثِ جیلانی

سبیلِ دین و ایماں ہے، دلیلِ علم و احساں ہے — ”فتوح الغیبِ“ نورانی، اے میرے غوثِ جیلانی

ملیں رستے ہدایت کے، کُھلیں اَسرار وحدت کے — پڑھیں جو ”فتح الربانی“، اے میرے غوثِ جیلانی

ہے جو تیرے غلاموں میں، وہی ہے نیک ناموں میں — تجھے زیبا ہے سلطانی، اے میرے غوثِ جیلانی

دلوں میں جاگزیں رہ کر، ''مریدی لاتخف'' کہہ کر
حمایت کی ہے ارزانی، اے میرے غوثِ جیلانی

نظر اک بار ہو جائے تو بیڑا پار ہو جائے
ہَوا ہو لاکھ طوفانی، اے میرے غوثِ جیلانی

نظر سرکار ہو جائے، بس اب دیدار ہو جائے
مٹے آنکھوں کی ویرانی، اے میرے غوثِ جیلانی

ترے بحرِ عنایت سے، ملے تیری اجازت سے
ہمیں بھی گھونٹ بھر پانی، اے میرے غوثِ جیلانی

حبیبِؔ با صفا ہو کر، کوئی چمکے رضاؔ ہو کر
حقیقت جس نے پہچانی، اے میرے غوثِ جیلانی

مِرے سر پر جو چھایا ہے، مِرے مرشد کا سایہ ہے
عطا ہے یہ بھی ربّانی، اے میرے غوثِ جیلانی

ترے شجرے کی دولت سے، تِری ہی پاک نسبت سے
تِرا حامدؔ ہے گیلانی، اے میرے غوثِ جیلانی

☆☆☆

سیّد حامدؔ یزدانی شاہ گیلانی

۱۱۔ ربیع الثانی ۱۴۳۳ھ

ٹورانٹو کینیڈا